# اِدارہ اخوانُ السّادات گلاؤٹھی (رجسٹرڈ) کراچی

رابطہ کمیٹی

چیئرمین

**خرم واسطی**

(ممبران)

**سید محمد علی زیدی**

**سید بدرعالم زیدی**

**سید سلمان غنی**

**سید عارف حسن**

**مسز فرحانہ راشد**

صدر:

**سید صفدرعلی**

سیکریٹری:

**سید وسیم ھاشمی**

سیکریٹری مالیات:

**سید فرخ غنی**

## رابطہ جولائی اگست 2005ء

محترم اراکین ادارہ!

السلام وعلیکم

اللہ تعالٰی کا شکر ہے کہ آپ کے تعاون سے موجودہ مجلس منتظمہ بلا مقابلہ منتخب ہوئی اور مجھے ایک ادنٰی کارکن کی حیثیت سے اپنی برادری کی خدمت کرنے کا موقع ملا۔ مجلس منتظمہ نے مجھے آپ سے رابطہ کی ذمہ داری سونپی ہے۔ انشاءاللہ میں اپنی ذمہ داری پوری دیانت، خلوص اور محنت سے انجام دینے کی کوشش کرونگا۔

آپ سے تعاون کی درخواست ہے کیونکہ آپ کے تعاون کے بغیر ذمہ داریوں کی انجام دہی ممکن نہ ہوگی۔

رابطہ مجلس منتظمہ اور اراکین ادارہ کے مابین ایک ایسا اہم رشتہ ہے جس کے ذریعے مجلس منتظمہ اور اراکین ادارہ باہمی حالات و مسائل سے باخبر رہتے ہیں اور اسکے لئے جہاں مجلس منتظمہ کی اپنی ذمہ داری ہے وہاں اراکین پر بھی ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ مجلس منتظمہ سے رابطہ میں رہیں اور اپنی تجاویز و مسائل سے آگاہ کریں۔ آپ سے گزارش ہے کہ آپ منتظمہ مجلس کے ہر رکن بالخصوص معتمد ادارہ جناب سید وسیم الدین ہاشمی اور راحقر کو اپنی تعمیری تجاویز، قیمتی آراء اور مسائل و حالات سے آگاہ کرتے رہیں۔ موجودہ مجلس منتظمہ نے ایک نئے جذبہ اور ولولہ سے آپ کی خدمت کا پروگرام بنایا ہے جس کی کامیابی کے لئے آپکا تعاون اشد ضروری ہے۔

خرم واسطی

چیئرمین رابطہ کمیٹی

معزز اراکین!

الحمد اللہ آپ کی نئی مجلس منتظمہ نے اپنی ذمہ داری سنبھال لی ہے۔کام کا باقاعدہ آغاز ہو چکا ہے۔اپنی پہلی میٹنگ میں ادارے کو فعال اور مستحکم بنانے کیلئے مجلس منتظمہ نے ایک تین سالہ ایکشن پلان ترتیب دیا ہے (شامل ہے) اس یقین کے ساتھ کہ اس ایکشن پلان پر عمل کرنے اور ادارے کو کامیاب بنانے کیلئے ہمیں تمام اراکین ادارہ کا تعاون اور اعتماد حاصل رہے گا۔اس ایکشن پلان کی کامیابی ادارے کو فعال بنانے میں یقیناً سنگِ میل ثابت ہوگی۔

مجلس منتظمہ کے فیصلے کے مطابق ایک ورکنگ اسٹرکچر تیار کیا گیا ہے اور عہدیداروں کو مختلف ذمہ داریاں سونپی گئی ہیں۔اس ورکنگ اسٹرکچر کے مطابق درج ذیل کمیٹیاں اپنے چیئرمین کی زیرِنگرانی ادارے کے معاملات، پروگرامز اور کارکرگی کو خوب سے خوب تر بنائیں گی۔

اراکین اور مجلسِ منتظمہ کے درمیان مسلسل رابطہ ایک اہم کردار ادا کرے گا اور تمام اراکین ادارہ کو مجلس منتظمہ کے ممبران کے شانہ بشانہ اپنی صلاحیتوں کے ذریعہ ادارے کو فعال بنانے کا ایک بھرپور موقع ملے گا۔اور ادارے کو یقیناً بہتر کارکردگی کے لئے موٴثر اور تعمیری تقویت حاصل ہوگی۔

ذیلی کمیٹیوں کی تفصیل:

| کمیٹی | چیئرمین |
|---|---|
| رابطہ | سید خرم واسطی صاحب |
| ایجوکیشن | ایس این جعفری صاحب |
| وومین ویلفیئر | مسز ثمینہ جعفری صاحب |
| رکنیت سازی | سید معروف حسن واسطی صاحب |
| اسپورٹس | سید سیف الدین صاحب |
| زکوٰۃ | سید صفدر علی صاحب |
| پروگرامز | سید وسیم ہاشمی صاحب |
| رابطہ بیرونِ ملک | سید فرخ غنی صاحب |
| ویب سائٹ | سید مصطفیٰ کمال جعفری صاحب |

ادارے کا دفتر

ادارے کا آفس روم نمبر 109 فرسٹ فلور، آمنہ پلازہ، ایم اے جناح روڈ کراچی میں قائم کیا گیا ہے۔تمام کمیونیکیشنز اسی پتہ پر معتمد یا چیئرمین یا چیئرمین متعلقہ کمیٹی کے حوالے سے کی جاسکتی ہیں۔

Email: idaragulaothi@hotmail.com

Phone: 2787934 - 2786934

معزز اراکین!

ادارے کی ایجوکیشن کمیٹی نے مستحق ممبران کیلئے اعزازیئے اور وظائف جاری کرنیکا فیصلہ کیا ہے۔اس سلسلہ میں جناب ایس این جعفری صاحب چیئرمین ایجوکیشن کمیٹی یا معتمد ادارہ سے رابطہ کیا جاسکتا ہے علاوہ ازیں جن ہونہار طالب علموں نے رواں سال 2005 میں میٹرک انٹر یا گریجویشن اور ماسٹرز میں A اور +A پوزیشن حاصل کی ہے انہیں میرٹ کی بنیاد پر ادارے کی جانب سے شیلڈ اور سند دی جائے گی۔ایسے تمام طلباء و طالبات متعلقہ چیئرمین یا معتمد ادارے سے رابطہ قائم کریں۔

## مقابلہ مضمون نویسی

جشن آزادی کے سلسلے میں بعنوان " آزادی ایک نعمت ہے" ۴ صفحات پر مشتمل تحریری مقابلے کا اہتمام کیا جارہا ہے۔یہ مقابلہ 18 سال تک کی عمر کے بچوں اور بچیوں کیلئے مخصوص ہے۔اس مقابلے میں شرکاء کا جذبہ،مسابقت کے ساتھ اپنے اپنے مضمون مورخہ 30 ستمبر 2005ء تک ادارے کے آفس پر ارسال کردیں۔یا بذریعہ E-mail پہنچادیں۔اول،دوم اور سوئم پوزیشن حاصل کرنے والوں کو ادارے کی جانب سے تقریب عیدملن کے موقع پر شیلڈ اور اسناد دی جائیں گی۔

## زکوٰۃ

معزز اراکین!ادارے کے قیام کا ایک اہم مقصد برادری کے مستحقین کو زکوٰۃ اور دیگر ذرائع سے حتی الامکان مالی مدد فراہم کرنا ہے۔ہماری کوشش ہے کہ اس مقصد کے حصول کو مزید موٴثر بنایا جائے تاکہ ادارے کو زیادہ سے زیادہ مستحقین کی مدد کا موقع مل سکے۔لہذا آپ سے درخواست ہے کہ اس سلسلے میں معلومات جناب صفدر علی صاحب زکوٰۃ کمیٹی،معتمد ادارہ یا کسی بھی رکن مجلس منتظمہ کو فراہم کریں۔آپکی اطلاع صیغہ راز میں رکھی جائے گی اور مستحقین کا وقار مجروح نہیں ہونے دیا جائے گا۔اس طرح ہمیں بہتر خدمت کا موقع ملے گا۔نیز وہ اراکین جو زکوٰۃ ادارے کے توسط سے دینا چاہتے ہیں ان سے درخواست ہے کہ زکوٰۃ کی رقم ادارے کو 15 ستمبر تک پہنچادیں۔
تاکہ مستحقین کو یہ رقم رمضان سے قبل پہنچادی جائے اور وہ ہم سب کے ساتھ عید کی خوشیوں میں شامل ہوجائیں۔ آخر میں احقر برادری کے ان بزرگوں کا تذکرہ کرنا اور انہیں خراج عقیدت پیش کرنا اپنا فرض منصبی سمجھتا ہے۔جنہوں نے ادارے کیلئے نا قابل فراموش خدمات انجام دیں لیکن صد افسوس کہ آج وہ ہمارے درمیان موجود نہیں ہیں۔

حافظ سید شفیع الدین صاحب،سید ظفر الدین احمد صاحب،سید محمد احمد واسطی صاحب،سید بدرالحسن واسطی صاحب،سید عثمان غنی راشد صاحب،ڈاکٹر ظفر حسنین زیدی صاحب، عبدالسلام صاحب،ڈاکٹر ظفر حسنین زیدی صاحب،سید مقصود احمد واسطی صاحب،سید مسعود علی رضوی صاحب،سید احمد صاحب،سید کفیل احمد صاحب،سید احسن واسطی صاحب،سید اظہار رحمت صاحب،اللہ تعالی تمام بزرگان کیا اور دیگر تمام مرحومین متعلقین کی مغفرت فرمائے۔اپنے جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور جنت الفردوس میں اعلی مقام عطا فرمائے۔

(آمین)۔

نیز ادارے کے سابق صدر جناب سید محبوب حسن واسطی اور جناب سیف الدین صاحب، سابق معتمد ادارہ جناب مبشر واسطی اور سابق خازن ادارہ جناب نسیم الدین ہاشمی کی ادارے کیلئے بیش بہا خدمات کا اعتراف کرتے ہوئے تہہ دل سے ان کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔

معزز اراکین!

آ سے قوی امید ہے کہ اپ اپنی بہترین صلاحیتوں جذبات اور لگن کے ساتھ مجلس منتظمہ سے تعاون فرمائیں گے۔اس تعمیری تگ و دو کے سفر میں ترقی اور آسودگی کا حصول ہم سب کا مشترکہ نصب العین ہے۔ہم سب مل جل کر انشاء اللہ ادارے کو مستحکم اور فعال بنانے میں یقیناً کامیاب ہونگے، نیک، پرخلوص، اور امید افزاء خواہشات کے ساتھ آپ کی قابل قدر آراء اور تعاون کا منتظر۔

**سید وسیم ہاشمی**

معتمد ادارہ

## ایکشن پلان

(۱) ادارے کے معزز ممبران سے موثر رابطے کا عمل یقینی بنانا ہمارا ترجیحی قدم ہوگا۔اس عمل سے ادارے کو فعال بنانے میں نہایت آسانیاں میسر آئیں گی اور مشترکہ جدوجہد کا احساس ہم سب کو قرابت داری کے انعام سے مستفید کرے گا۔

(۲) کمیونیکیشن کی جدید سہولتوں سے فائدہ اٹھاتے ہوئے ادارے کے متحرک امور جلد سے جلد معاملات کی وضاحت کرنے میں مسلسل عمل پیرا رہیں گے۔اس سلسلے میں E-mail کے ذریعے بھی تمام ممبران سے رابطہ کا جدید طریقہ اپنایا جائے گا۔

(۳) Website کا اجراء ہر ادارے کیلئے اس دور کی اہم ضرورت ہے۔لہٰذا اس عمل کو بروئے کار لا کر اس سے پورا فائدہ اٹھایا جائے گا۔

(۴) ادارے کو مزید فعال بنانے کے لئے اور مزید متحرک کرنے کے لئے ہمیں اپنے بائی لاز میں توانائی بخش تبدیلیاں کرنی ہونگی اس سلسلہ میں متعلقہ حکام کی اجازت سے اور اراکین کی متفقہ رائے کے ذریعہ جدید خطوط پر ترقیاتی ضوابط وضع کرنے ہونگے۔جس کیلئے وقتاً فوقتاً جنرل باڈی کی میٹنگز اور خصوصی اجلاس بھی منعقد کئے جائیں گے۔

(۵) ممبران ڈائریکٹری کا اجراء ہمارے ادارے کی ساکھ کو مربوط و مضبوط بنانے میں اہم کردار ادا کرے گا چنانچہ یہ کام نہایت اہمیت کا حامل ہونے کے ساتھ فوری عمل کا بھی متقاضی ہے۔اسے بھی ترجیحی بنیاد پر کیا جائے گا۔

(۶) ادارے کے لئے نئی ممبر سازی کا عمل ہمیں نئے نئے ٹیلنٹ سے متعارف کرانے کا وسیلہ ہوگا اس لئے نئی صلاحیتوں کی تلاش میں موثر کردار ادا کیا جائے گا۔یہ عمل ہمارے مستقبل کی تعمیر میں یقیناً اساسی کردار ادا کرے گا۔

(۷) ادارے کی جانب سے سالانہ ڈائری کی اشاعت کا اجراء کیا جائے گا کیونکہ اس عمل سے ادارے کی عظمت و توقیر میں خاطر خواہ اضافے کے اسباب مضمر ہیں اور ایسے اقدامات ایک مہذب معاشرے کی تشکیل میں نمایاں کردار ادا کرتے ہیں۔

(۸) ممبران ادارہ کیلئے میرج بیورو کا قیام بھی عمل میں لایا جائے گا۔تا کہ ایک عمدہ خاندان ایک عمدہ معاشرے کی تشکیل کا موجب بنے۔

(۹) تعلیم وتربیت کے حوالے سے موجودہ مینیجنگ کمیٹی اپنے طالبعلموں کی حوصلہ افزائی کرنا چاہتی ہے۔اس سلسل میں مختلف مؤثر اور دلچسپ پروگرام بنائے جاتے رہیں گے۔لیکن فی الوقت میٹرک، انٹر، بی اے، بی کام اور بی ایس سی کے امتحانات میں امتیازی پوزیشن حاصل کرنے والے طالبعلموں کیلئے ادارے کی جانب سے گولڈ میڈل اور شیلڈ کا اجراء کیا جائے گا۔

(۱۰) ایجوکیشن ووظائف کا اجرا بھی متذکرہ بالا تعلیمی حوصلہ افزائی کیلئے ناگزیر ہے چنانچہ اس عمل کو زیادہ سے زیادہ مؤثر بنایا جائے اس طرح ہمارے طالبعلموں میں مثبت مسابقت (Competition) کے رجحان کو فروغ حاصل ہوگا اور کامیابیوں کی دوڑ میں بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کریں گے۔

(۱۱) نوجوان ہمارے صحت مند معاشرے کے قیام میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں اس لئے اسپورٹس ایونٹس کے حوالے سے ان کے لئے بہتر موقع فراہم کئے جائیں گے۔اللہ تعالیٰ ہمیں کامیابی اور استقامت عطا فرمائے۔نوجوانوں کیلئے اسپورٹس اور تفریح کے مواقع فراہم کرنا ہماری ترجیحی کوششوں میں شامل ہوگا۔

(۱۲) علم ادب کے حوالے سے گاہے بگاہے مشاعروں اور ادبی محفلوں کا انعقاد کرتے رہنا نہایت ضروری ہے، ہمیں امید ہے کہ آپ کے تعاون اور محبتوں کے ساتھ ہم یہ فریضہ احسن طریقہ پر ادا کرسکیں گے۔

(۱۳) شام غزل کا اہتمام کرنا بھی ضروری ہے تا کہ ممبران ایک روح افزا اور مسرور کن ادبی محفل کی لطافتوں سے مستفید ہوسکیں۔اس طرح ہم اپنی ادبی روایات سے بخوبی بہرہ ور ہوسکیں گے۔

(۱۴) ہماری اہم ترین ترجیح درحقیقت اپنے ادارے کو مستقل بنیادوں پر مؤثر اور مربوط رکھنے کیلئے ادارے کی اپنی ملکیت یعنی جگہ کا قیام ہے ۔اسلئے سب سے زیادہ ضرورت اس امر کی ہے کہ اس پروجیکٹ کی تکمیل کیلئے مؤثر اور یقینی منصوبہ بندی کی جائے اور تمام ممبران اس مقصد کے حصول کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کریں۔بالخصوص وہ ممبران جو کہ غیر ممالک میں رہائش پذیر ہیں مثلاً جدہ، امریکہ، کینیڈا، یو اے ای اور لندن میں، ان ممبران سے ہماری خاص توقعات وابستہ ہیں کہ وہ دامے درمے اور سخنے ادارے کی بھرپور معاونت کا حق ادا کریں۔ایسے تمام ممبران سے مسلسل رابطہ رکھنا اور ادارے کی کارکردگی سے انہیں آگاہ رکھنا ہماری اولین ذمہ داری میں شامل ہوگا۔زکوٰۃ پروجیکٹ کے حوالے سے خدمت خلق کے ممکنہ امور کو ادا کرنا ہمارے لئے عین عبادت ہے چنانچہ رمضان المبارک میں ضروری اشیاء کی تقسیم اور ضرورتمند کی دادرسی کیلئے مخلصانہ فرض ادا کرنا ہمیں بہت ہی عزیز ہے۔اس عمل کیلئے جذبہ خدمت، زرومال اور مقدور بھر وسائل کے مطابق فرائض کی انجام دہی کی جائے گی۔

(۱۵) ممتاز قومی ایام میں جذبہ حب الوطنی کے اظہار اپنے قومی رہنماؤں کی عظمت کو اجاگر کرنے کیلئے اور دیگر احساسات کو نمایاں کامیابیوں کی ترغیب دینے کیلئے یا طالبعلموں کے درمیان وطنِ عزیز کی بقاء اور سلامتی کے رجحان کو اجاگر کرنے کیلئے تقریری مقابلوں کا اہتمام کیا جائے گا جیسا کہ 23 مارچ اور 14 اگست اس سلسلہ میں خاص اہمیت کے حامل ہیں۔

(۱۶) ہمیں اس امر پر خاص فخر حاصل ہے کہ ہم اپنی تہذیب وثقافت سے روایتی طور بھی اور جدید اطوار کے حوالوں سے بھی روشناس ہیں، مزید برآں ہم سب خلوص دل سے ایک نہایت جدید اور مؤثر تہذیب یافتہ معاشرہ کی تشکیل کے خواہاں ہیں چناچہ ہمارے معزز ممبران وقتا فوقتا معاشرے کی فلاح کیلئے کچھ خاص امور انجام دیتے رہتے ہیں۔ایسے امور کی انجام دہی پر نہایت ضروری ہے کہ انہیں honour دینے کیلئے اعزازی تقاریب منعقد کی جاتی رہیں اور انشاءاللہ ادارہ یہ اہتمام ضرور کرے گا۔تاکہ Motivation کے عمل سے مزید خوبیاں اجاگر ہوسکیں۔

(۱۷) خواتین کے حقوق کو ہر مرحلے پر فوقیت حاصل رہے گی اور ہمارے پروگرام کے مطابق دستکاری اور ثقافت کی ترویج کے علاوہ علم و ادب، امورِ خانہ داری اور تعلیم وتدریس کے شعبوں سے متعلق انکے اجتماعی پروگرام ترتیب دیے جائیں گے۔

(۱۸) میلاد اور سیرت کانفرنس کا انعقاد کیا جاتا رہے گا۔یہ تمام پروگرام ہمارے لئے خیروبرکت کا وسیلہ ہیں سو ان کی اہمیت کو برقرار رکھنا بحیثیت مسلمان ہماری اولین ذمہ داری ہے۔یہ اہتمام ہماری کردار سازی کا ذریعہ بھی ہے۔

(۱۹) معزز ممبران کی گوناں گوں مصروفیات کو منظر عام پر لانے کیلئے اور ادارے کی کارکردگی کی وضاحت کیلئے اور دیگر امور کی تشہیر کیلئے سہ ماہی رسالہ "رابطہ" جاری کیا جائے گا یہ ادارے کی پبلیکیشن پالیسی کا پہلا قدم ہوگا۔جسے بتدریج وسیع تر مقاصد کیلئے کارآمد بنایا جائے گا۔

(۲۰) معزز ممبران سے رابطہ کیلئے روشنیوں کے شہر کراچی میں تین سے چار فنکشن سالانہ منعقد ہونگے (انشاءاللہ)۔البتہ خاص مقاصد کے حصول کیلئے اس تعداد میں حالات کے مطابق اضافہ بھی کیا جاسکے گا۔

(۲۱) عیدالفطر ہمارا نہایت خاص تہوار ہے اس دن کلفتوں سے گلوخلاصی ہوتی ہے اور خوش رہنا، خوشی کا اظہار کرنا، دوسروں کی خوشیوں میں شریک ہونا اور دوسروں کو اپنی خوشیوں میں شریک کرنا ہر مسلمان کا وطیرہ ہوتا ہے۔''گرانڈ عید ملن'' کا انعقاد کیا جائے گا اور یکجہتی کی فضاء کا لطف اٹھانے کیلئے بھرپور پروگرام بنایا جائے گا۔

(۲۲) صحت وتندرستی سے متعلق اردو لٹریچر کا اجراء کیا جائے گا۔

(۲۳) انتخاب کردہ اہداف کی تکمیل کیلئے بھرپور مساعی کی جاتی رہی ہے، نیز تمام اہداف کی تجزیاتی تحقیقی جانچ پڑتال کیلئے ماہانہ میٹنگز و اجلاس کے ذریعے جائزہ کاری رپورٹ تیار کی جائے گی۔اپنے مقاصد کی تکمیل کے سلسلے میں ہم ہر ممکنہ عملی پیش رفت کرتے ہوئے معزز ممبران کو ہر مرحلے پر آگاہ و باخبر رکھیں گے اور ان سے کامیابی کی ضمن میں حقیقی عوامل کی نشاندہی کرتے رہنے توقع کریں گے۔

(۲۴) جنرل باڈی کے ممبران کو فعال کردار ادا کرنا ہوگا۔اس نکتہ فکر کے مطابق ہمیں اپنے ادارے میں حقوق وفرائض کی درجہ بندی کرتے ہوئے اختیارات کی واضح تقسیم کرنا ہے اور ایک ایسے ضابطہ اخلاق کو ترتیب دینا ہے جو ہمیشہ ایک روشن رہنمائی کا فریضہ ادا کرتا رہے۔ تاکہ ادارے کا نظام جزوقتی رجحان کا شکار نہ ہوسکے بلکہ مستقبل بنیادوں پر یہ سلسلہ بتدریج ترقی کی منازل طے کرے اور اس کا استحکام ہماری امنگوں اور کاوشوں کا بین ترجمان ہو۔

(۲۵) ایکشن پلان کے ذریعہ مقرر کئے جانے والے اہداف یا کوئی ایک ہدف بھی حتمی حیثیت نہیں رکھتا۔ حالات کے اتار چڑھاؤ کے مطابق اس ضمن میں بہتری کا عمل اور ترقی کا راستہ اختیار کرنا ہوتا ہے چنانچہ تغیر و تبدل کا تحریکی نظام تمام ممبران کی معاملہ فہمی اور انکی محترم آراء سے وابستہ ہوتا ہے۔ اس لئے ضروری ہے کہ آپ سب ہماری سوچ و عمل سے اپنی سوچ و عمل کو رابطے میں رکھیں اور یہ کارواں اللہ تعالیٰ کی رحمتوں اور برکتوں کے سائے تلے رواں دواں رہے۔ (آمین)

## مبارکبادیاں ۔ اطلاعات

☆ محترمہ ریحانہ سیف صاحبہ ادارے کی فعال رکن ہیں آپ ادارے کے سابق صدر محترم سیف الدین صاحب کی اہلیہ ہیں۔ حال ہی میں محترمہ نے کراچی ڈسٹرکٹ گورمنٹ میں EDO کے اہم عہدے کا چارج سنبھالا ہے۔ آپ اسپورٹس اور کمیونٹی سے متعلق خدمات کو شہر کراچی کیلئے بروئے عمل لائیں گی۔

☆ اس عہدے کیلئے آپ کا تقرر یقیناً آپ کے گزشتہ سوشل ورک اور اعلیٰ انتظامی صلاحیتوں کے احترام میں عمل پذیر ہوا ہے ادارہ آپ کی اس قابل قدر ذمہ داری کو سنبھالنے پر مبارکباد پیش کرتا ہے۔

سید وقاص محمد ولد سید رضوان محمود واسطی نے O Level میں 4-A حاصل کر کے نمایاں کامیابی حاصل کی۔

☆ سید حارث بن راشد ولد سید راشد علی زیدی نے میٹرک میں 77.4% مارکس حاصل کر کر کے A گریڈ میں نمایاں کامیابی حاصل کی۔

☆ سید نصرت کمال کے فرزند سید طلحہ کمال نے O لیول میں A گریڈ حاصل کر کے امتیازی پوزیشن حاصل کی ہے۔

☆ سید ضیاء الدین جامعی کے فرزند سید وجیہہ الدین نے نویں جماعت (کامرس) میں B.V.S اسکول سے 89% امتیازی نمبر حاصل کئے۔ ادارہ اس کامیابی پر انہیں مبارکباد دیتا ہے اور انکے خوش آئند مستقبل کے لئے دعا گو ہے۔

☆ سید عمر شکیل صاحب نے M.B.A. کی کامیابی کے بعد M.C.B. (اسلامک بینکنگ) میں گریڈ 1 افسر کی حیثیت سے اپنے فرائض کا چارج سنبھال لیا ہے۔ ادارہ آپ کی مزید ترقی و خوشحالی کا خواہاں ہے۔

☆ سید بدر عالم زیدی صاحب نے M.B.A کی کامیابی کے بعد 'سنہری بینک'' میں گریڈ II افسر کی حیثیت سے اپنے فرائض سنبھال لئے ہیں۔ ادارہ مبارکباد پیش کرتا ہے اور آپ کی مزید ترقی کا خواہش مند ہے۔

☆ محمد احمد واسطی (مرحوم) کے داماد لیفٹیننٹ کرنل راحت شہباز کو اعلیٰ کارکردگی کے اعتراف میں حکومت پاکستان نے ''تمغہ امتیاز'' سے نوازا ہے جو یقیناً لائق تحسین اعزاز ہے۔ اس اعزاز کے حصول پر ادارہ کرنل صاحب کو فخریہ مبارکباد پیش کرتا ہے۔

☆ ڈاکٹر عذرا رضوان واسطی صاحبہ اسسٹنٹ پروفیسر کی حیثیت سے جناح میڈیکل اینڈ کالج میں فائز ہوگئی ہیں۔ اس منصب کی تقرری پر ادارہ انہیں مبارکباد پیش کرتا ہے اور آئندہ مزید ترقی کیلئے دعا گو ہے۔

☆ سید مشرف علی زیدی صاحب کو اللہ تعالیٰ نے اولادِ نرینہ سے نوازا ہے بیٹے کا نام عیسیٰ زیدی رکھا گیا ہے۔ ادارہ نو ائیدہ کے دادا محترم سید منصوب علی زیدی صاحب اور دادی محترمہ سیدہ فیروزہ زیدی صاحبہ کو مبارکباد پیش کرتا ہے۔

☆ سید آصف جمیل صاحب کی بیٹی مہرین نظام کی شادی کراچی میں بخیر و خوبی انجام پائی۔ اس مبارک فرض کی ادائیگی پر ادارہ سید آصف جمیل صاحب کو اور انکی فیملی کو پر خلوص مبارکباد پیش کرتا ہے۔

☆ سید رخسانہ معین واسطی کی بیٹی ثناء واسطی کی شادی کراچی میں بخیر و خوبی انجام پائی۔ ادارے کی جانب سے پر خلوص مبارکباد قبول فرمائیں۔

☆ سید ندیم ریاض کی صاحبزادی خدیجہ ندیم کی شادی کینیڈا میں انجام پائی۔ ادارہ کی جانب سے مبارکباد قبول فرمائیں۔

☆ جناب احمر نظام صاحب ہمارے ادارے کے جانے پہچانے رکن اور محترم سید آصف جمیل کے صاحبزادے ہیں۔ آپ کی منگنی کی رسم عزیزہ صوفیہ کے ساتھ ادا کی گئی ہے۔ اس رسم تہنیت کی ادائیگی پر ادارہ مبارکباد پیش کرتا ہے اور آئندہ پر مسرت تقریبات کے انعقاد کا خواہاں ہے۔

☆ پروفیسر سید ہمایوں ثروت ولد سید حافظ الدین مرحوم کی شادی ڈاکٹر ربیعہ رضا سے کراچی میں انجام پائی ادارہ مبارکباد پیش کرتا ہے۔

## انتقالِ پر ملال

☆ ادارے کے سابق معتمد جناب اظہار رحمت صاحب اس دارفانی سے رخصت ہو گئے (انا للہ وانا الیہ راجعون)۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کی مغفرت فرمائے۔ اپنے عرش کے سائے میں جگہ عطا فرمائے اور جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام نصیب ہو۔ آمین اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

☆ ادارے کے رکن جناب متعال اشعر کی چھوٹی صاحبزادی عشرہ معصومیت میں رخصت ہوگئیں۔ اللہ تعالیٰ تمام اہلِ خانہ اور متعلقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین۔

☆ سید راغب حسن کے بھائی سید شاہد حسن صاحب ''گلاوٹھی'' میں انتقال کر گئے۔ اللہ تعالیٰ آپ کی مغفرت فرمائے اور آپ کے تمام احباب کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

☆ سید نصیر الدین صاحب مدینہ منورہ میں وفات پا گئے۔ رب کریم انکے لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ ادارہ انکی مغفرت اور اعلیٰ درجات کے لئے دعا گو ہے۔

☆ مولانا سید بدر عالم صاحب کے بیٹے سید آفتاب عالم صاحب وفات پا گئے ادارہ مرحوم کی مغفرت کے لئے دعا گو ہے۔

☆ صوفی عبدالرشید صاحب کی اہلیہ کا انتقال مدینہ شریف میں ہوا۔ اللہ تعالیٰ مرحومہ کی مغفرت فرمائے۔ آمین۔

☆ سید جاوید ریاض مرحوم کی اہلیہ نازیہ جاوید صاحبہ کا انتقال کراچی میں ہوگیا ہے۔ اللہ تعالیٰ مرحومہ کی مغفرت فرمائے۔

☆ سید عبدالواسع صاحب کا کراچی میں انتقال ہوگیا ہے ادارہ مرحوم کی مغفرت کے لئے دعا گو ہے۔

## دعائے صحت

* ادارہ کے سابق صدر جناب سید احمد صاحب مرحوم کے صاحبزادے جناب سید سجاد احمد صاحب امریکہ میں علیل ہیں۔تمام معزز ممبران سے انکی صحت کاملہ اور درازی عمر کی دعا کے لئے درخواست ہے۔

* جناب شکیل واسطی ولد حکیم جمیل صاحب کی علالت پر ادارہ انکی صحت کاملہ اور درازی عمر کی دعا کے لئے تمام ممبران سے دعاؤں کا خواستگار ہے۔

معزز اراکین!

آپ سے التماس ہے کہ آپ اپنے سہ ماہی ''رابطہ'' کو مؤثر طور پر جاری رکھنے کیلئے ہمیں مختلف خبریں مثلاً شادی، ملازمت، حادثات وا موات اور دیگر معلومات اور تجاویز معتمد یا چیئرمین رابطہ کمیٹی خرم واسطی کے نام ترسیل فرمائیں۔

ادارے کا E-mail: idaragulaothi@hotmail.com

فون نمبر: 2787934-2486934 موبائل 0300-2919040

فیکس نمبر 2789121

خرم واسطی 1867/14, F.B. Area, Karachi

فون: 6337565 موبائل 0300-2501776